ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پشاور نے انٹر ریجن انڈر 13۔کرکٹ فائنل جیت لیا۔

لاہور،5مئی2023:

پشاور نے انٹر ریجن انڈر 13 ۔فائنل میں لاہور کو چھ وکٹوں سے شکست دیدی۔

جواد کلب فیصل آباد میں بارش سے متاثرہ میچ جو کہ 12 اوورز میں مشتمل تھا۔فائنل میں لاہور ریجن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور پوری ٹیم گیارہ اعشاریہ پانچ اوورز میں صرف50 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔انشال چوہدری سولہ رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔
پشاور ریجن کے صہیب خالد نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے صرف 7 رنز دے کر6 وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں پشاور ریجن نے دس اوورز میں چار وکٹوں پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔محمد سعد تین چوکوں کی مدد سے سترہ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔لاہور کی طرف سے یعقوب خان نے تین وکٹیں حاصل کیں۔

پشاور ریجن کو ٹورنامنٹ جیتنے پر ساڑھے تین لاکھ روپے کی انعامی رقم ملی جبکہ لاہور کو رنراپ کے طور پر ڈھائی لاکھ روپے ملے۔

صہیب خالد مین آف دی میچ قرار پائے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی کے شیس قادر ٹورنامنٹ کے بہترین کھلاڑی رہے انہوں نے 170 رنز بنائے اور دس وکٹیں حاصل کیں۔
کراچی کے عبداللہ جاوید کو ٹورنامنٹ کا بہترین بیٹسمین قرار دیا گیا انہوں نے مجموعی طور پر 348 رنز اسکور کیے۔

پشاور کے علیان شاہ پندرہ وکٹوں کے ساتھ ٹورنامنٹ کے بہترین بولر اور سات کیچز کے ساتھ ایبٹ آباد کے سدیس احمد بہترین فیلڈر رہے جبکہ بہترین وکٹ کیپر کراچی کے سفیان کامران رہے جنہوں نے گیارہ کیچز کیے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial